الیکشن کمیشن آف پاکستان
(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مو رخہ 12جون 2020ء

الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں کرونا وائرس کے پیش نظر الیکشن کمیشن کی احتیاطی تدابیر۔

الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں تمام عدالتی کاروئیاں ایک مہینے کے لئے معطل رہی گی ۔

2۔ دو ملازمین جن کا کرونا ٹیسٹ پازیٹو ہے ان کو ائسولیٹ ہونے کے لئے چھٹی پر بھیج دیا گیا۔

3۔ 20 ایسے ملازمین جن کے اندر کرونا وائرس ہونے کی مشکوک علامات ہے ان کو ٹیسٹ کروانے اور دفتر میں حاضری سے استثنی دی گئی ۔

4۔ ایسے تمام ملازمین جن کو پہلے ہی سے صحت کے مسائل کا سامنا ہے انہیں دفتر آنے سے استثنی دی گئی ہے تاہم بیشتر ملازمین کو صحت کاکوئی مسئلہ نہیں ہے۔

5۔ الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں جینڈر ونگ، ٹریننگ ونگ ، لائربیری اور الیکٹورل ونگ کو بند کر دیا گیا ہے ۔

6۔ تمام برانچزز میں 50 فیصد ملازمین اپنے گھروں میں رہیں گے اور کرونا وائرس سے بچاو کے لئے ایس او پیز پر سختی سے عمل پیرا ہوں گے ۔ونگ انچارج یہ امر طے کرے گا کہ کس افسر یا ملازم نے دفتر آنا ہے اور کس نے نہیں آنا اسی طرح صوبوں میں بھی ان ہدایات پر عمل کیا جائے گا۔

7۔ ماسک کے بغیر کسی کو بھی دفتر آنے نہیں دیا جائیگا۔

8۔ تھرمل سکین کے ذریعے دفتر میں داخل ہونے والے تمام افرا د کا سکین کیا جائیگا اور جس کا ٹمپریچر 98.6F یا اس سے کم ہوگا انہیں دفتر داخل ہونے دیا جائیگا۔

9۔ تما م دفاتر کے اندر خاص طور سے میٹنگ کے دوران سماجی فاصلے کا خیا ل رکھا جائے گا ۔

10۔ الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ کے گیٹ پر ڈس انفکٹنگ ٹنل لگایا جائیگا اور دفتر کی تمام راہداریوں میں سنٹائزز کے استعمال کو یقینی بنایا جائیگا۔

11۔ الیکشن کمیشن کی تما م خواتین ملازمین کو تاحکم ثانی دفتر آنے سے استثنی د ے دی گئی ہے ۔

12۔ وہ تمام ملازمین جن کو سردرد، زکام وبخار اور موسمی زکام ہو وہ اپنے متعلقہ افسر کو بتا کر دفتر آنے سے گریز کرینگے ۔

* * * * * * * * * * * * * *